اپنے بینک اکاؤنٹ کی ہوشیاری سے نگرانی کرنا

ہانگ کانگ میں کاروباری مالکان کے لئے ایک گائیڈ

HSBC

Together we thrive

Issued by The Hongkong and Shanghai Banking Corporation Limited

فراعت

آپ کی اکاؤنٹ کی مناسب نگرانی آپ کے رقوم کی اور وسیع تر انداز میں کمیونٹی کی حفاظت کرے گی۔

- ہمارے کاروباری گاہک اکثر ہمارے ساتھ اپنے ذاتی اکاؤنٹ بھی رکھتے ہیں۔ ہمارا بہترین مشورہ ہے کہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ آپ کے کاروباری اکاؤنٹس کو سختی سے صرف کاروباری مقاصد کے لئے استعمال کیا جائے، ذاتی استعمال کے لئے نہیں
- کاروباری مالکان کے طور پر، آپ روزمرہ کے عملیات میں مصروف رہتے ہیں اور وقت کی کمی کا سامنا کرتے ہیں، لہذا اپنے بینک اکاؤنٹس کو ہوشیاری سے سنبھالنے کے لئے اِس گائیڈ سے رہنمائی لے سکتے ہیں۔ یہ گائیڈ آپ کے کاروبار کو دھوکہ دہی اور مالیاتی جرائم سے محفوظ رکھنے کے لئے تجاویز فراہم کرتا ہے - ایسے طریقے بتاتا ہے جو کہ ذاتی اکاؤنٹس پر بھی لاگو کیے جا سکتے ہیں

اِس گائیڈ میں
ہم تجاویز فراہم کرتے ہیں:

1

ہر روز کیسے اپنے اکاؤنٹ کی بہتر نگرانی کی جائے

2

ہمیں تنظیمی تبدیلیوں کے بارے میں مطلع رکھا جائے

3

اپنے کاروباری چکر میں تبدیلیاں لاگو کرتے وقت غور کرنے والی باتیں

4

اگر آپ کی گاہک کی معلومات جدید ترین نا رکھی جائیں تو کیا ہو سکتا ہے

5

مالیاتی جرائم سے لڑنے کے لئے ہم کیسے مل کر کام کر سکتے ہیں

6

ہم سے رابطہ کیسے کریں

ہر روز کیسے اپنے اکاؤنٹ کی بہتر نگرانی کی جائے



اکاؤنٹس کا مقصد اور استعمال

اکاؤنٹ کی قسم کی بنیاد پر، قانوناً درست مقاصد کیلئے اپنا اکاؤنٹ استعمال کریں

ذاتی اکاؤنٹ صرف آپ کے ذاتی ٹرانزیکشنز کے لئے ہے اور کاروباری مقاصد کیلئے نہیں اور اسی طرح ایک کاروباری اکاؤنٹ صرف کاروباری مقاصد کے لئے ہے نا کہ ذاتی ٹرانزیکشنز کے لئے۔

گوشوارے، دستاویزات اور ریکارڈز

اپنے بینک اکاؤنٹس کو باقاعدگی سے چیک کریں اور تمام سرگرمی کا اپنے بینک کی گوشواروں کے ساتھ موازنہ کریں

اِ س بات کو یقینی بنائیں کہ آپ آمدنی، ٹرانسفرز اور اخراجات کے ساتھ ساتھ رسیدوں، انوائسز اور معاون دستاویزات کا ریکارڈ رکھیں

اِس بات کو یقینی بنائیں کہ گھریلو اور بین الاقوامی ادائیگیوں کے ریکارڈز کی کافی تفصیلات موجود ہیں جو یہ دکھا سکیں کہ یہ فنڈز اُسی طرح منتقل کیے گئے، موصول ہونے اور خرچ کیے گئے جس طرح ہونے چاہئے تھے

ٹرانزیکشنز کے لئے الیکٹرانک ادائیگی چینلز کا اچھے طریقے سے استعمال کریں جیسے کہ ٹیلیگرافک ٹرانسفرز اور الیکٹرانک بینک ٹرانسفرز کا استعمال، جس سے ادائیگیوں کی ٹریکنگ اور رقوم کے ماخذ اور منزل کی شناخت آسانی سے کی جا سکے

اپنے ٹیکس کی ذمہ داریوں کو سمجھئیے اور اُن کی تعمیل کریں۔ ہمیں آپ کے ٹیکس کی رہائشی معلومات فراہم کریں اور ٹیکس دستاویزات کا واضح ریکارڈ برقرار رکھیں

'ایک سائز سب پر بالکل فِٹ بیٹھتا ہے'کوئی نہیں ایسا نقطه نظر، لیکن ایسی کچھ عادات اور طرز عمل ہیں جو آپ کو اپنے اکاؤنٹ کو مؤثر طور پر نگرانی کرنے میں مدد کرسکتے ہیں اور آپ کو دھوکه دہی کے خلاف تحفظ فراہم کرسکتے ہیں۔

سیکورٹی اور عملے کی علم

- ادائیگیوں کے لئے درج شدہ اتھارٹی اور دستخط کا استعمال کریں - مثال کے طور پر آپ کے کاروباری انٹرنیٹ بینکنگ میں ایک منظوری کا میٹرکس تشکیل دیں اور مختلف سائن ان گروہوں کے لئے مقرر کردہ ٹرانزیکشن کی حد کے ساتھ سائن ان ہونے کی ہدایات قائم کریں۔
- دوسروں کی ایسے اثاثے ہینڈل کرنے یا ایسی ادائیگی کرنے میں مدد نا کریں جو آپ کے کاروبار سے متعلق نہیں ہیں
- یه بات جانیں که آپ کس سے خرید کس کو فروخت کر رہے ہیں - مثال کے طور پر پیسے دینے یا وصول کرنے والے کی معلومات
- دوسروں کو آپ کا اپنا اکاؤنٹ استعمال کرنے نا دیں اگر اُن کو ایسا کرنے کا اختیار نہیں ہے
- دوسروں کے ساتھ آپ کی ذاتی تفصیلات، اکاؤنٹ کی معلومات، سیکورٹی ڈیوائس، انٹرنیٹ بینکنگ کی آی ڈی اور پاس ورڈ، اے ٹی ایم کارڈ/کریڈٹ کارڈ، کارڈ کی توثیقی ویلیو یا چیک بُک شئیر نا کریں
- جعلی فون کالز اور/یا فریب دہی والے ای میلز جو که بینکوں کی جانب سے ہونے کا دعوی کرتے ہیں کے خلاف محتاط رہیں
- اس بات کو یقینی بنائیں که آپ کے کمپیوٹر کی سیکورٹی اینٹی وائرس سافٹ ویئر، محفوظ نیٹ ورک کنیکشن اور فائر وال کے استعمال کے ذریعے جدید ترین ہو
- دھوکه دہی اور مالیاتی جرائم کے خطرے کے بارے میں اپنے عملے کو تعلیم دیں۔ مثال کے طور پر، ہم منصب کی ای میل کی تصدیق کرنے کی اور ادائیگی کرنے سے پہلے ٹیلی فون کے ذریعے تصدیق کرنے کی اہمیت کو نمایاں کریں

ہمیں تنظیمی تبدیلیوں کے بارے میں مطلع رکھا جائے

دھوکہ دہی اور مالیاتی جرائم سے لڑنے کے لئے ہماری عزم کے ایک حصے کے طور پر، ہمیں اس بات کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے کہ ہم آپ کے اور آپ کے کاروبار کے بارے میں درست معلومات رکھتے ہیں۔ آپ کی کمپنی کے رابطے کی معلومات (مثال کے طور پر، ایڈریس، ٹیلی فون نمبر اور ای میل ایڈریس کی تبدیلی) میں کسی بھی تبدیلی کے بارے میں مطلع کرنے کے علاوہ، یہ ضروری ہے کہ آپ اپنے کاروباری چکر میں تبدیلیوں کے بارے میں بھی ہمیں باقاعدہ طور پر آگاہ کریں۔

براۓ مہربانی اپنے اکاؤنٹ کی معلومات کو اپ ڈیٹ کرنے کی ہدایات کے لئے 'ہم سے رابطہ کریں' کا سیکشن ملاحظہ کریں۔

آپ کی کمپنی کی ساخت میں تبدیلیاں		اپنے کاروباری چکر میں تبدیلیاں		
قانونی ادارہ - مثال کے طور پر، ایک واحد ملکیت سے ایک محدود کمپنی تک	لوگ – ڈائریکٹرز، دستخط کرنے کے مجاز، حصص دار اور حتمی وصول کنندہ مالکان	کاروباری نوعیت میں تبدیلیاں	نئی اقسام کی منڈیوں اور گاہکوں میں توسیع	سیلز کی آمدنی میں صحت بخش اضافہ

اپنے کاروباری چکر میں تبدیلیاں لاگو کرتے وقت غور کرنے والی باتیں

جیسے جیسے آپ کے کاروباری چکر میں تبدیلیاں آتی جائیں، اپنے آپ کو دھوکہ دہی یا دوسرے مالیاتی جرائم کا سامنا کرنے سے بچانے کیلئے مندرجہ ذیل باتیں زیرِ غور لائیں۔

اِس بات کو جانیں کہ آپ کس طرح کے کاروبار کے ساتھ کام کر رہے ہیں - جیسے آپ کے خریدار، سپلائرز، گاہک اور سروس فراہم کرنے والے - اور ان کے کاروباری ملک اور علاقے کی پہنچ

متعلقہ کاروباری پابندیوں کی نشاندہی کرنے کے لئے ہدف بازاروں اور مقامی بینکنگ کے اندر مارکیٹ ریسرچ کریں

ادائیگی کے ایجنٹوں اور پلیٹ فارمز کے استعمال سمیت اپنے ادائیگیوں کے طریقوں کو ٹریک کریں پیسے ترسیل کرنے والے غیر مصدقہ ایجنٹوں کے ذریعے ٹرانزیکشن نا کریں

اپنے فنڈز کے ذرائع سے آگاہ رہیں - مثال کے طور پر یہ یقینی بنائیں کہ نئے سرمایہ کاروں یا شراکت داروں سے فنڈز لینا قانوناً درست ہے

اگر آپ کی گاہک کی معلومات جدید ترین نا رکھی جائیں تو کیا ہو سکتا ہے

آج کی تیزی سے منسلک دنیا میں، مالیاتی جرم بڑھتا ہوا عالمی مسئلہ ہے۔ ہمارے تمام گاہکوں کے بارے میں درست معلومات رکھنا ہمیں فریبی ٹرانزیکشنز، منی لانڈرنگ، یا ٹیکس چوری کا پتہ لگانے اور ان کی روک تھام کرنے کی ہماری صلاحیت میں ایک اہم کردار ادا کرتا ہے۔ آپ کے کاروبار کے متعلق جدید ترین ، ہمیں مندرجہ ذیل کارروائی کرنا پڑ سکتی ہے:

ذاتی اکاؤنٹ

انفرادی شخص کا اپنے کاروباری مفادات سے ذاتی اکاؤنٹس میں رقوم وصول کرنے میں کوئی حرج نہیں، بشرطیکہ یہ مناسب دستاویزات پر مبنی ہوں۔ مثال کے طور پر، ڈائریکٹرز کے معاوضہ سے متعلق ادائیگیاں، حساب شدہ ڈائریکٹروں کے قرضوں، منافعوں یا ایکوٹی سٹیکس کے خرید و فروخت کی ادائیگیاں، جس کی تصدیق آپ کی کمپنی کے سالانہ اکاؤنٹس اور/یا رسیدوں کی طرف سے کی جا سکتی ہے۔

کاروباری اکاؤنٹ

آپ سے پوچھ سکتے ہیں کہ اُن اکاؤنٹ ٹرانزیکشنز کی وضاحت کریں جو آپ کے موجودہ کاروباری پروفائل سے مطابقت نہیں رکھتے۔ مثال کے طور پر بڑے وائر ٹرانسفرز یا نقد رقوم کا ڈیپازٹ کرنا جو معاون دستاویزات جیسے انوائسز اور معاہدے کی رُو سے بیان نہیں کئے جا سکتے ہیں۔ اس طرح کی ٹرانزیکشنز خطرے کی نشانی ہے، کیونکہ یہ منی لانڈرنگ سمیت ناپسندیدہ سرگرمیوں سے مشابہت رکھتی ہیں۔

اگر ہم آپ کے کاروبار سے متعلق جدید ترین معلومات رکھتے ہیں - مثال کے طور پر گھریلو کاروبار سے بین الاقوامی کاروبار کی توسیع، تو اِن ٹرانزیکشنز کی وضاحت کی جاسکتی ہے اور غیر ضروری خطرے کی نشانی سے گریز کیا جا سکتا ہے

اگر آپ کے اکاؤنٹ پر غیر معمولی سرگرمی کی وضاحت نہیں کی جاسکتی ہے، تو ہمیں بعض بینکنگ کی خدمات کو تاخیر یا محدود کرنا پڑ سکتا ہے جیسے کہ باہر کی سمت ترسیلات، یا آپ کے ساتھ ہمارے بینکنگ تعلقات کا ختم کر دینا

مالیاتی جرائم سے لڑنے کے لئے ہم کیسے مل کر کام کر سکتے ہیں

آپ کی طرح کے کاروباری ادارے ہانگ کانگ کی معیشت کے لئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ہم آپ کے اکاؤنٹ کو دھوکہ دہی اور مالیاتی جرائم کے خلاف تحفظ دینے کے لئے پُرعزم ہیں تاکہ آپ کے کاروبار کو کامیابی حاصل ہو سکے، اور آپ سے درخواست شدہ معلومات ہمیں اس مقصد کو حاصل کرنے میں مددگار ثابت ہوں گی۔



اگر آپ ہمارے ساتھ کاروباری اور ذاتی اکاؤنٹس دونوں کو برقرار رکھے ہوئے ہیں، تو ہمیں اس بارے میں جدید تر بنیاد پر باخبر رکھنے سے ہمیں آپ کی بینکنگ کی ضروریات کو پورا کرنے میں مدد ملے گی اور ہمیں اپنے گاہک اور وسیع تر انداز میں کمیونٹی کی مالیاتی جرائم کے خلاف حفاظت کرنے میں کام آئے گی۔

اگر آپ کو ہماری طرف سے درخواست موصول ہو تو آپ کو کیا کرنا چاہئے؟

- ہماری طرف سے موصول شدہ خطوط، ای میلز اور کالوں کے لئے چوکس رہیں
- معلومات کے حصول کے لئے ہماری درخواستوں کا بروقت جواب دیں
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کی طرف سے فراہم کردہ معلومات مکمل، درست اور جدید ترین ہیں
- اپنی ذاتی یا کاروباری اپ ڈیٹس سے متعلق کوئی تحقیقات کرنے کے لئے ہم سے رابطہ کرنے سے نہ ہچکچائیں



ہم آپ کو ایک محفوظ بینکنگ ماحول فراہم کرنے کے لئے پُرعزم ہیں۔ بینکوں، افراد اور کاروباروں کے مفاد میں ہانگ کانگ کے مالیاتی نظام کی سالمیت کا دفاع کرنے کے لئے، یہ ضروری ہے کہ ہمارے گاہک کی معلومات کو جدید ترین رکھا جائے۔

ہم سے رابطہ کیسے کریں

- اپنی کمپنی کی معلومات کو اپ ڈیٹ کرنے کے لئے، کسی بھی ایچ ایس بی سی بزنس سینٹر پر جائیں یا ہماری کمرشل بینکنگ سروس ہاٹ لائن 27488288 (852) پر کال کریں (زبان کے انتخاب کے بعد #-0 پریس کریں)
- ذاتی بینکنگ کے لئے ہانگ کانگ میں کسی بھی ایچ ایس بی سی کی شاخ پر جائیں یا کال کریں 3322 2233 (852) پر (ایچ ایس بی سی پریمیئر گاہک)، 8333 2748 (852) (ایچ ایس بی سی ایڈوانس گاہک) یا 3000 2233 (852) (دیگر ذاتی گاہک)

جاری تحفظ

ایچ ایس بی سی سیف گارڈ ہمارے اُن اقدامات کی رینج ہے جو ہمارے گلوبل سیسٹم میں معلومات رکھنے میں ہماری مدد کرتا ہے جدید ترین تا کہ ہمارے گاہکوں کو دھوکہ دہی اور مالیاتی جرائم سے بہتر طریقے سے بچایا جا سکے۔ یہ ایک مسلسل پروگرام ہے اور اس عمل کا ایک حصہ باقاعدگی سے جائزوں پر مبنی ہے جہاں ہم آپ کی تفصیلات کی تصدیق یا اپ ڈیٹ کرنے یا نئی معلومات فراہم کرنے کی تصدیق کے لئے آپ سے رابطہ کریں گے۔ اگر آپ نے آپ کے یا آپ کی کمپنی کے اکاؤنٹ کے بارے میں کسی بھی قسم کی تفصیلات کو اپ ڈیٹ کرنا ہو تو آپ ہم سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ اس سے ہمیں آپ کی اور آپ کے کاروبار کی حطاظت کرنے میں مدد ملے گی اس بات کا یقین دہانی کرتے ہوئے کہ آپ کی جانب سے ہونے والی ٹرانزیکشنز صرف حقیقی درخواستوں پر مبنی ہیں۔

ایچ ایس بی سی سیف گارڈ کے بارے میں آپ ہماری ویب سائٹ www.hsbc.com.hk/hsbcsafeguard پر مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

یہ دستاویز ہانگ کانگ اور شنگھائی بینکنگ کارپوریشن لمیٹڈ (ایچ ایس بی سی) کی جانب سے جاری کی گئ ہے۔ اس کا مقصد کسی بھی دائرہ اختیار میں کسی بھی کاروبار کے لئے ایک پیشکش یا تحریص نہیں ہے۔ اس کا مقصد کسی بھی ایسے لوگوں میں اس کو بانٹنا نہیں ہے جو ایسی جگہ یا دائرہ اختیار میں رہائش پذیر ہوں جہاں اس دستاویز کے بانٹنے پر پابندی لاگو ہو۔ اس دستاویز میں موجود تمام معلومات صرف ایک عام فطرت کی ہیں۔ اِن کا مقصد جامع ہونا نہیں اور انہیں مالی، قانونی، ٹیکس یا دیگر پیشہ ورانہ مشورے کے طور پر تشکیل نہیں دیا گیا۔ فراہم کی جانے والی مثالیں حقیقت پر مبنی ہیں اور کسی بھی فرد سے متعلق انجام پانے والی کاروائی حالات پر منحصر ہوگی۔ کسی بھی حالت میں، اس دستاویز میں کسی بھی رائے یا بیان پر متفق ہونے کی وجہ سے کسی بھی نقصان کے لئے ایچ ایس بی سی ذمہ دار نہیں ہوگا۔ ہانگ کانگ اور شنگھائی بینکنگ کارپوریشن لمیٹڈ کی پیشگی تحریری اجازت کے بغیر، اِس اشاعت کا کوئی حصہ دوبارہ شائع نہیں کیا جاسکتا ، ریٹریول سِسٹم میں ذخیرہ نہیں کیا جاسکتا، یا نہیں کیا جاسکتا اِس کو منتقل کرنا، کسی بھی شکل یا کسی بھی ذریعہ سے، الیکٹرانک، میکینیکل، فوٹو کاپی، ریکارڈنگ یا دیگر طرح سے